© rasailojaraid.com



پڑھی جائے لیکن عشاء کی نماز سفیدی ختم ہونے کے بعد ادا کی جائے تاکہ مختلف فیہ وقت سے بچا جا سکے۔

## قسطنطنیہ کی فتح

سوال: قسطنطنیہ کی فتح کا ذکر احادیث میں آتا ہے۔ یہ کون سے ملک میں ہے اور کب فتح ہوا؟ ★ ——— محمد زکریا فیصل آباد

جواب: ترکی کے سب سے بڑے شہر استنبول کا پہلا نام قسطنطنیہ ہے۔ یہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں سلطنت روما کا پایۂ تخت تھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شہر پر حملہ کرنے والے سب سے پہلے لشکر کے لیے جنتی ہونے کی بشارت دی ہے یہ حملہ حضرت امیر معاویہؓ کے دور میں ان کے فرزند یزید کی قیادت میں ہوا۔ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے جنت کی اسی بشارت کی وجہ سے بڑھاپے اور ضعف کے باوجود اس غزوہ میں شرکت کی اور اسی دوران وفات پائی۔ ان کا مزار استنبول میں آج بھی مرجع خلائق ہے۔ یہ شہر ترکوں کی خلافت عثمانیہ کے دور میں ۸۵۷ھ مطابق ۱۴۵۳ء میں سلطان محمد فاتحؒ کے ہاتھوں فتح ہو کر اسلامی شہروں میں شامل ہوا اور ۱۹۲۴ء میں خلافت عثمانیہ کے خاتمہ تک مرکزِ خلافت رہا۔ خلافتِ عثمانیہ کے خاتمہ کے بعد ترکی کا دارالحکومت انقرہ کو بنالیا گیا اور قسطنطنیہ کا نام تبدیل کر کے استنبول رکھ دیا گیا۔ استنبول ایک تاریخی شہر ہونے کے علاوہ حضرت ابوایوب انصاریؓ کے مزار اور اس کے توپ کاپی عجائب گھر میں مصحف عثمانیؓ کی موجودگی کے باعث بھی باذوق سیاحوں کی دلچسپی کا مرکز ہے۔

## بقیہ: امراض و علاج

وہ جریان جس میں سفید رطوبت خارج ہوتی ہے (کہ یہ جریان کا مرض نہیں) میں استعمال کیا ہے آپ اس کا چورن اپنے استعمال میں لا کر مستفید ہو سکتے ہیں۔ مثانہ اور پتھری کے امراض میں یہ چورن اپنا ثانی نہیں رکھتا۔ جواب کے لیے جوابی خط سے یاد فرمائیں۔

---

حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم: سوائے دعا کے تقدیر کو کوئی چیز بدل نہیں سکتی اور نہ ہی عمر کو سوائے نیکی کے کوئی چیز زیادہ کر سکتی ہے۔ (ترمذی)

© rasailojaraid.com